بلوچستان لائیولی ہڈز اینڈ انٹرپرینیورشپ پراجیکٹ
[Baluchistan Livelihoods and Entrepreneurship Project]

گلہ بانی /مویشی اور پولٹری فارم کے لئے میچنگ گرانٹ کی درخواست
[Application for a Matching Grant for Livestock and Poultry Farm]

ملک: پاکستان
پراجیکٹ:بلوچستان لائیولی ہڈز اینڈ انٹرپرینیورشپ پراجیکٹ (WB IDA Credit/Grant)
پراجیکٹ آئی ڈی:P159292

حکومتِ بلوچستان کو عالمی بینک کی جانب سے "بلوچستان لائیولی ہڈز اینڈ انٹرپرینیورشپ پراجیکٹ (BLEP)" کی لاگت کے سلسلے میں سرمایہ موصول ہوا ہے۔ BLEP کا بنیادی مقصد بلوچستان کے دیہی علاقوں میں کاروباری سرگرمیوں کو ترقی دینا اورروزگار کے مواقع پیدا کرنا ہے جس سے ذرائع معاش کو فروغ ملے گا، تمام طبقات سے تعلق رکھنے والے افراد کی پائیدار اقتصادی ترقی میں مدد ملے گی اور غربت میں کمی آئے گی۔

"بلوچستان لائیولی ہڈز اینڈ انٹرپرینیورشپ پراجیکٹ (BLEP)" کے 'پراجیکٹ مینجمنٹ اینڈ امپلی منٹیشن یونٹ (PMIU)' کو اب لاگت میں شراکت کی بنیاد پر " گلہ بانی /مویشی اور پولٹری فارم [Livestock and Poultry Farm]" لگانے کے لئے آٹھ منتخب اضلاع کے ترقی پسند کاشت کاروں اور افراد سے گرانٹ کے لئے درخواستیں مطلوب ہیں۔ یہ گرانٹس اس سلسلے میں BLEP کے طے شدہ قواعد اور گرانٹ مینجمنٹ کے لئے اس کی داخلی پالیسیوں کے مطابق جاری کی جائیں گی اور انہی کی روشنی میں ان پر عملدرآمد کیا جائے گا۔ گرانٹ حاصل کرنے والے افراد کا حتمی انتخاب قرعہ اندازی کے ذریعے کیا جائے گا۔

BLEP گرانٹ کی مالیت

BLEP کی جانب سے زیادہ سے زیادہ 700,000 روپے کی گرانٹ دی جائے گی۔

گرانٹ نمبر 1 چھوٹا پولٹری فارم
گرانٹ نمبر 2 بھیڑ/ بکری پالنے یا انہیں فربہ کرنے کا فارم [Sheep/Goat Breeding or Fattening Farm]
گرانٹ نمبر 3 **بچھڑے کو فربہ کرنے** کا فارم
گرانٹ نمبر 4 **دودھ والی گائے** کا فارم

درخواست گزار کی اہلیت

1) درخواست گزار کل لاگت کا کم ازکم 50 فیصد حصہ ملانے پر رضامند ہو: کل لاگت کا 50 فیصد BLEP ادا کرے گا۔
2) درخواست گزار اپنے حصے کی رقم گرانٹ کی منظوری کے وقت پیشگی ادا کرنے پر رضامند ہو۔
3) درخواست گزار متعلقہ ضلع کے مقامی ہوں اور ان کے پاس اپنا اور والد کا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ موجود ہو جس کی معیاد ختم نہ ہوئی ہو۔
4) درخواست گزار مویشی/ مرغیاں رکھنے کی جگہ فراہم کرنے پر رضامند ہو۔
5) درخواست گزار کے اراضی مہیا کرنے پر رضامند ہو جسے خاص طور پر مویشی/ مرغیاں/ پرندے وغیرہ رکھنے کے لئے استعمال کیا جا سکے۔
6) درخواست گزار مویشی/مرغیاں رکھنے کا بنیادی تجربہ یا علم رکھتے ہوں۔
7) BLEP کے زیراہتمام صلاحیتوں میں بہتری/ تربیتی سیشن میں حصہ لینے پر آمادہ ہوں۔
8) درخواست گزار کے پاس پانی کی فراہمی کا قابل اعتبار انتظام موجود ہو۔
9) درخواست گزار کو بیان حلفی پر دستخط کرنا ہوں گے کہ وہ طے شدہ اوقات یا شیڈول کی پابندی کرتے ہوئے کسی مویشی/ پرندے کو فروخت نہیں کریں گے اور ان تمام رہنما اصولوں پر پوری طرح عمل کریں گے جو انہیں BLEP کے لائیوسٹاک ماہر یا اس مقصد کے لئے BLEP کی طرف سے مقرر کئے گئے فرد کی طرف سے مہیا کئے جائیں گے۔
10) شارٹ لسٹ ہونے کی صورت میں وہ تصدیق اور چناؤ کے لئے ابتدائی سیشن/ انٹرویو سیشن میں حصہ لینے پر رضامند ہوں۔
11) درخواست گزار کو کسی بھی ایسے دیگر عوامل کی پابندی کرنا ہو گی جو BLEP کی جانب سے ان تمام اثاثوں یا سہولیات کی بہتری کے لئے شامل کئے جائیں۔
12) درخواست گزار کو ماحولیات اور سوشل مینجمنٹ کے لئے BLEP کی دستاویزات (ESMPs / ESMF وغیرہ) میں بیان کئے گئے حفاظتی اقدامات پر پوری طرح عمل کرنا ہو گا۔
13) درخواست گزار کو رضامندی دینا ہو گی کہ گرانٹ حاصل کرنے کی صورت میں تمام متعلقہ قوانین، قواعد وضوابط، لائیوسٹاک فارمنگ سے متعلق پرمٹ اور لائسنس وغیرہ کا حصول، ماحول کی حفاظت، مویشیوں کی فلاح وبہبود اور فوڈ سیفٹی ان کی ذمہ داری ہو گی۔

جغرافیائی محل وقوع

BLEP کے تحت یہ گرانٹ صرف بلوچستان کے درج ذیل آٹھ اضلاع کے لئے فراہم کی جائے گی:
قلعہ عبداللہ/ چمن، قلعہ سیف اللہ، پشین، ژوب، چاغی، شیرانی، مستونگ اور نوشکی

درخواست فارم اور دیگر تفصیلات، BLEP کی ویب سائٹ (belpgob.org.pk) سے ڈاؤن لوڈ کئے جا سکتے ہیں یا BLEP کے متعلقہ ضلعی دفاتر سے بھی حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لئے دلچسپی رکھنے والے درخواست گزار اپنے ضلع میں قائم BLEP کے ضلعی دفتر سے رابطہ کر سکتے ہیں یا نیچے دیئے گئے نمبروں پررابطہ کر سکتے ہیں۔ درخواست گزاروں کو کاغذی شکل (Hard Copy) میں اپنی درخواست26 اپریل 2024 تک جمع کرانا ہو گی۔ اگر تاریخ میں کوئی توسیع کی گئی تو اس کا اعلان ویب سائٹ پر "تصحیح" کی شکل میں کیا جائے گا۔

BLEP کو، کوئی وجہ بتا کر یا کوئی وجہ بتائے بغیر مذکورہ بالا معلومات میں کوئی تبدیلی یا ترمیم کرنے یا جمع کرائی گئی کوئی ایک یا تمام درخواستیں منظور/مسترد کرنے کا اختیار حاصل ہے۔

درخواست فارم پُر کر کے درج ذیل پتہ پر یا BLEP کے ضلعی دفاتر کو بھجوائے جا سکتے ہیں (دفاتر کے پتے ویب سائٹ پر دیئے گئے ہیں)، یا آپ کی یونین کونسل میں قائم BLEP کمیونٹی انسٹی ٹیوشن میں جمع کرائے جا سکتے ہیں (جن کے پتے اور متعلقہ معلومات

BLEP کے ضلعی دفاتر سے حاصل کئے جا سکتے ہیں)، متعلقہ کمیونٹی انسٹی ٹیوشن اپنے پاس موصول ہونے والی درخواستیں آخری تاریخ سے تین دن پہلے اپنے ضلع میں قائم BLEP کے دفاتر میں جمع کرانے کی پابند ہوں گی۔